رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 224 ۔ فرسٹ اینول (انٹرپارٹ۔II) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) PAPER CODE = 8021 کل نمبر : 20

pakcity.org

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | مسلمان حکمرانوں نے پیغام رسانی کے لیے کون سا جداگانہ محکمہ قائم کیا تھا : | (A) دیوانِ الفرید | (B) دیوان البرید | (C) دیوانِ خاص | (D) دیوانِ عام |
| 2 | چراغ حسن حسرت لاہور آئے تو کہاں ٹھہرے : | (A) دوست کے گھر | (B) ہوٹل میں | (C) مولانا ظفر علی خاں کے گھر | (D) اخبار ''زمیندار'' کے دفتر میں |
| 3 | ایسٹ ویسٹ سنٹر کا جاپانی باغ کیسا تھا : | (A) دلکش | (B) ایمان شکن | (C) خوبصورت | (D) ایمان افروز |
| 4 | ڈاکٹر زیدی نے ڈاکٹر برہان کو کتنے سال پرانا واقعہ سنایا : | (A) دو سال | (B) دس سال | (C) بیس سال | (D) بارہ سال |
| 5 | بی جن نے مزاج دار کو کس زیور میں ڈورا ڈلوانے کا کہا : | (A) بازوبند | (B) دھگدگی | (C) گلوبند | (D) بالی پتے |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | علم اور تحمل مزاجی انسان کا رتبہ بڑھا : | (A) دیتا ہے | (B) دیتے ہیں | (C) دیتی ہیں | (D) دیتی ہے |
| 7 | درخت سے طوطے اور چڑیاں : | (A) اُڑ گئی | (B) اُڑ گئیں | (C) اُڑ گیا | (D) اُڑ گئے |
| 8 | اس کا مال، اسباب، جاگیر، مکانات سب کچھ : | (A) بک گیا | (B) بک گئے | (C) بک گئی | (D) بک گئیں |

( ورق اُلٹئے )



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 9-1 | جوں جوں ہم بلندی پر چڑھتے گئے ۔۔۔ سردی بڑھتی گئی : | (A) ویسے ویسے | (B) اس لیے | (C) توں توں | (D) تو پھر |
| 10 | ۔۔۔ وہ آتا تو میں اس کی مدد کرتا : | (A) لہٰذا | (B) چونکہ | (C) مگر | (D) اگر |

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | احمد ۔۔۔ علی اور کمال دوست ہیں : | (A) ؛ | (B) :- | (C) ، | (D) ! |
| 12 | ؛ یہ علامت ہے : | (A) رابطہ کی | (B) سکتہ کی | (C) ختمہ کی | (D) وقفہ کی |
| 13 | وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے : | (A) سوالیہ کی | (B) تفصیلیہ کی | (C) رابطہ کی | (D) ختمہ کی |
| 14 | ورزش کے فوائد حسب ذیل ہیں ۔۔۔ یہاں کون سی علامت آئے گی : | (A) : | (B) ؛ | (C) :- | (D) ! |
| 15 | جملہ معترضہ سے پہلے اور بعد میں جو علامت استعمال ہوتی ہے اُسے کہتے ہیں : | (A) ندائیہ | (B) خط | (C) تفصیلیہ | (D) سوالیہ |

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | چاہنا : | (A) مجھے گھڑی چاہیے۔ | (B) مسافر کو کھانا چاہیے۔ | (C) آخر تم کیا چاہتے ہو۔ | (D) علی گھر جانا چاہتا ہے۔ |
| 17 | ہونا : | (A) تمھیں کیا ہوا ہے۔ | (B) ابھی جلسہ شروع ہوا ہے۔ | (C) علی سویا ہوا ہے۔ | (D) جھگڑا نہیں ہوا۔ |
| 18 | پڑنا : | (A) سکہ زمین پر پڑا ہے۔ | (B) کپ میز پر پڑا ہے۔ | (C) آج اولے پڑے ہیں۔ | (D) اُسے کراچی جانا پڑا۔ |
| 19 | ڈالنا : | (A) گلاس میں دودھ ڈالو۔ | (B) چائے میں چینی نہ ڈالنا۔ | (C) خط لیٹر بکس میں ڈال دو۔ | (D) بچے نے کھلونے توڑ ڈالے۔ |
| 20 | رکھنا : | (A) تم اپنی آنکھیں بند رکھنا۔ | (B) کھانا میز پر رکھ دو۔ | (C) مسافر نے سامان باندھ رکھا ہے۔ | (D) اپنا خیال رکھنا۔ |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

رول نمبر ــــــــــــــــــ (امیدوار خود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔II) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) ( پہلا گروپ ) کل نمبر : 80

pakcity.org

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم وہ بانکپن ، وہ اچھوتا شباب پیدا کر
ترا شباب امانت ہے ساری دنیا کی تو خارزارِ جہاں میں گلاب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

وائے دیوانگیٔ شوق کہ ہر دم مجھ کو آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا
عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) نذیر احمد کی قوتِ تقریر کے متعلق کہا جاتا تھا کہ انگلستان کا مشہور مقرر برک بھی اُن سے زیادہ موثر تقریر نہیں کر سکتا تھا۔ اب بھی اگلے وقتوں کے لوگ، جنھوں نے مولوی صاحب کے لیکچر سنے ہیں، کہتے ہیں کہ یا تو ہم نے ڈپٹی صاحب کو دیکھا یا اب اخیر میں بہادر یار جنگ مرحوم کو دیکھا کہ سامعین پر جادو سا کر دیتے اور جو کام ان سے چاہتے لے لیتے۔ جب چاہا انھیں ہنسا دیا اور جب چاہا ان کی جیبیں خالی کرا لیں اور عورتوں کے زیور تک اتروا لیا کرتے تھے۔

(ورق الٹئے)

www.pakcity.org

3۔ (ب) پاکستان کے قیام سے نہ صرف ہندوستان کے برعظیم اور ایشیا میں بلکہ ساری اسلامی دنیا میں ایک ایسا قوت آفرین تغیر رونما ہو گیا ہے جس کے غیر معمولی نتائج کا دنیا ابھی صحیح طور پر اندازہ نہیں کر سکتی۔ ادھر یہ امر پاکستان کی ملتِ اسلامیہ پر روز بروز واضح ہو رہا ہے کہ اگر اسے اپنی اور دنیا کی طرف اپنا اسلامی اور انسانی فرض ادا کرنا ہے تو پاکستان کی حکومت لازمی طور پر اسلامی جمہوریت کے ترقی پرور اصولوں پر قائم ہو گی، جس میں مسلم اور غیر مسلم دونوں سے مساوی سلوک کیا جائے گا۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) اکبری کی حماقتیں ۔ (ب) مولانا ظفر علی خاں ۔

5۔ جوش ملیح آبادی کی نظم ''سُراغِ راہرو'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے ۔

(ب) دہشت گردی، اسباب اور روک تھام کی تدابیر ۔

(ج) جدید تقاضے اور ہماری تعلیم ۔

7۔ تاجر کتب کے نام کتابیں منگوانے کے لیے خط تحریر کیجیے۔ 10

151-224-I-(Essay Type)-102000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 224 ۔ فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔II) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) PAPER CODE = 8026 کل نمبر : 20

pakcity.org

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | سمندر کے درمیان میں کون سی جگہ واقع تھی : | (A) کوہ ندا | (B) کوہ ہندوکش | (C) کوہ حبشہ | (D) کوہ سلیمان |
| 2 | موبائل فون کب ایجاد ہوا : | (A) 1980ء | (B) 1982ء | (C) 1984ء | (D) 1986ء |
| 3 | خدا کسی شریف انسان کو نہ لے جائے : | (A) دِلی | (B) ہوائی | (C) ہانگ کانگ | (D) کلکتہ |
| 4 | محکمہ بندوبست نے کام کیا ۔۔۔ : | (A) تقسیم اراضی کا | (B) پیمائش اراضی کا | (C) اشتمال اراضی کا | (D) لگان بڑھانے کا |
| 5 | سبق "تشکیل پاکستان" مصنف کی کس تصنیف سے ماخوذ ہے : | (A) کارنامہ اسلام | (B) قصص الانبیاء | (C) مسلمانوں کا ماضی، حال اور مستقبل | (D) طلسم زندگی |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | اگر یہی لیل ونہار ۔۔۔ تو کیا ہو گا : | (A) رہا | (B) رہی | (C) رہے | (D) رہیں |
| 7 | قلم دوات کہاں ۔۔۔ : | (A) رکھے ہیں | (B) رکھیں | (C) رکھا ہے | (D) رکھی ہے |
| 8 | وہ ۔۔۔ جھوٹا ہی نہیں، بددیانت بھی ہے : | (A) مگر | (B) اگر | (C) لیکن | (D) صرف |

(ورق الٹیے)



www.pakcity.org

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 9-1 | اسلم کامیاب ہو گیا ۔۔۔ اکرم ناکام ہو گیا : | (A) جب کہ | (B) کیوں کہ | (C) بلکہ | (D) خواہ |
| 10 | ہم نے ملتان کے آموں کو ۔۔۔ : | (A) میٹھا پایا | (B) میٹھے پائے | (C) میٹھے پایا | (D) میٹھی پائی |

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | جملے کے اختتام پر علامت لگائی جاتی ہے : | (A) ختمہ | (B) سکتہ | (C) ندائیہ | (D) سوالیہ |
| 12 | فجائیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے : | (A) تفصیل دینے کے لیے | (B) پوچھنے کے لیے | (C) جذبات کے اظہار کے لیے | (D) کسی دانا کے قول کے لیے |
| 13 | جملہ معترضہ کے آغاز اور اختتام پر لگاتے ہیں : | (A) وقفہ | (B) واوین | (C) قوسین | (D) رابطہ |
| 14 | وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے : | (A) [illegible] | (B) تفصیلیہ کی | (C) رابطہ کی | (D) ختمہ کی |
| 15 | رابطہ کو کہتے ہیں : | (A) وقف خفیف | (B) وقف لازم | (C) نصف وقفہ | (D) فجائیہ |

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | نکلنا : | (A) سورج مشرق سے نکلتا ہے۔ | (B) کلاس سے نکلنا منع ہے۔ | (C) [illegible] کی طرف جا نکلا۔ | (D) زمین سے پودا نکلا۔ |
| 17 | بیٹھنا : | (A) بچہ گود میں بیٹھا ہے۔ | (B) تم کہاں بیٹھے ہو؟ | (C) یہ کیا کر بیٹھے؟ | (D) یہاں بیٹھنا اچھا نہیں۔ |
| 18 | سکنا : | (A) وہ انگریزی سیکھتا ہے۔ | (B) تم نے سب کچھ سیکھا۔ | (C) اب تم کھانا کھا سکتے ہو۔ | (D) مریض سکتے میں ہے۔ |
| 19 | کرنا : | (A) تم کیا کر رہے ہو؟ | (B) تم میرا یہ کام کرنا۔ | (C) وہ یہاں اکثر آتا ہے۔ | (D) وہ یہاں آیا کرتا ہے۔ |
| 20 | ہونا : | (A) آج جلسہ ہو رہا ہے۔ | (B) مجھے ناراض نہیں ہونا چاہیے۔ | (C) اسے کیا ہو گیا ہے؟ | (D) بچہ بستر پر سویا ہوا ہے۔ |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ ۔II) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) (دوسرا گروپ) کل نمبر : 80

pakcity.org

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

کلبلاتی بستیاں ، مشکل سے دوچار آدمی کتنا کم یاب آدمی ہے ، کتنا بسیار آدمی
زندگی نیچے کہیں منہ دیکھتی ہی رہ گئی کتنا اونچا لے گیا جینے کا معیار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

ہر اک کارِ تمنا پر یہ مجبوری، یہ مختاری مجھے آساں نہیں ہوتا ، تجھے مشکل نہیں ہوتا
ہمیں ہنگامہ آرا تھے مگر ہم جب سے ڈوبے ہیں کہیں طوفاں نہیں اُٹھتا ، کہیں ساحل نہیں ہوتا
رہا اِک اِک قدم پر پاسِ آدابِ طلب ورنہ وہاں ہم تھے جہاں پانا ترا مشکل نہیں ہوتا

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے۔ ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسہ کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔ قرآن میں ہمارے لیے اس کے احکام موجود ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مثنیؓ بننے کی توفیق دے جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبۂ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔

(ورق اُلٹیے)



www.pakcity.org

3۔ (ب) مولوی صاحب بڑے فخر سے اپنے بچپن کے مصائب بیان کرتے تھے۔ جس مسجد میں ٹھہرے تھے اس کا مُلا بڑا بدمزاج اور بے رحم تھا۔ کڑکڑاتے جاڑوں میں ایک ٹاٹ کی صف میں یہ لپٹ جاتے اور ایک میں ان کے بھائی۔ سات آٹھ سال کے بچے کی بساط ہی کیا؟ علی الصباح اگر آنکھ نہ کھلتی تو مسجد کا مُلا ایک لات رسید کرتا اور یہ لڑھکتے چلے جاتے اور صف بھی بچھ جاتی۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) اکبری کی حماقتیں ۔ (ب) ہوائی ۔

5۔ اسرارالحق مجاز کی نظم "نوجوان سے خطاب" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ۔

(ب) مطالعہ کتب ۔

(ج) پاکستان کے معاشی حالات ۔

7۔ کسی روزنامے کے مدیر کے نام منشیات کے متعلق آگاہی کے حوالے سے خط تحریر کیجیے۔ 10

152-224-II-(Essay Type)-98000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2021-2023)

pakcity.org

اُردو (لازمی) 223 ۔ فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔II) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) **PAPER CODE = 8023** کل نمبر : 20

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھردیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ [redacted] غلط تصور ہوگا۔

**دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | مولانا ظفر علی خاں زبان اور محاورے کے ۔۔۔ ہیں : | (A) فنکار | (B) [redacted] | (C) ماہر | (D) شاعر |
| 2 | اکبری نے کون سی دو چیزیں پسند کیں : | (A) سرمہ، خاکِ شفا | (B) [redacted] پنج سورہ | (C) سرمہ، [redacted] | (D) تسبیح اورزرمزمیاں |
| 3 | اقبالؔ نے ۔۔۔ چیزوں پر زیادہ زور دیا ہے : | (A) دو | (B) تین | (C) چار | (D) پانچ |
| 4 | ۔۔۔ میں ریلوے نام کی کوئی چیز نہیں : | (A) تاجکستان | (B) پاکستان | (C) ایران | (D) افغانستان |
| 5 | اُن سے چھوا نہیں اور ۔۔۔ کا ہوا نہیں : | (A) چاندی | (B) مذہب | (C) ریت | (D) کُندن |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | میں نے آنا تو ہے ۔۔۔ تاخیر ہو سکتی ہے : | (A) چوں کہ | (B) یا | (C) اگر | (D) البتہ |
| 7 | تم جیتو ۔۔۔ ہارو ، ہمیں تم سے پیار ہے : | (A) نہ | (B) کیوں کہ | (C) یا | (D) اگر |
| 8 | نفاست طالب علم کی پہچان ۔۔۔ : | (A) ہوتا ہے | (B) ہوتی ہے | (C) ہوتیں ہیں | (D) ہوتے ہیں |
| 9-1 | بوڑھے نے اپنا سامان بیچ ۔۔۔ : | (A) ڈالے | (B) ڈالی | (C) ڈالو | (D) ڈالا |
| 10 | قلم دوات یہاں ۔۔۔ : | (A) رکھے ہیں | (B) رکھا ہے | (C) رکھی ہے | (D) رکھیں ہیں |

**رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | علامت قوسین ہے : | (A) ( ) | (B) ؟ | (C) ! | (D) ؛ |
| 12 | ندا دینے کے لیے علامت [redacted] ہوتی ہے : | (A) ؟ | (B) ؛ | (C) ! | (D) :- |
| 13 | تفصیلیہ کی علامت ہے : | (A) " " | (B) :- | (C) ! | (D) : |
| 14 | استفہامیہ فقرے کے آخر پر علامت استعمال ہوتی ہے : | (A) ! | (B) = | (C) ؟ | (D) ، |
| 15 | وقفہ کی تعریف ہے : | (A) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ | (B) ختمہ سے زیادہ ٹھہراؤ | (C) رابطہ سے زیادہ ٹھہراؤ | (D) مکمل ٹھہراؤ |

**امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | جانا : | (A) مجھے جانا پڑے گا۔ | (B) مجھے کتاب دے جاؤ۔ | (C) تمھیں جانا چاہیے۔ | (D) گھر جانا لگا رہتا ہے۔ |
| 17 | لگنا : | (A) مزدور کو چوٹ لگ گئی۔ | (B) مسلمان نماز پڑھنے لگے۔ | (C) لگتا ہے بارش ہوگی۔ | (D) دل لگی، دل کی لگی نہیں ہوتی۔ |
| 18 | رہنا : | (A) ٹیم کراچی میں رہی۔ | (B) آپ میرے گھر میں رہنا۔ | (C) لڑکی سکول آتی رہی۔ | (D) لوگ کہاں رہیں گے؟ |
| 19 | لینا : | (A) میرا تم سے کیا لینا دینا۔ | (B) گیند لے آؤ۔ | (C) ابھی قلم لینا ہے۔ | (D) نعیم کھانا کھا لینا۔ |
| 20 | کرنا : | (A) راشد غلطیاں کرتا رہا۔ | (B) بچے شور کریں گے۔ | (C) لڑکیاں چائے بنایا کریں۔ | (D) وعدہ کرو کہ تم آ ؤ گے۔ |

151-223-I-(Objective Type)-26000 (8023)

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

Lahore Board-2023-G-1

رول نمبر.................(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2021-2023)

اردو (لازمی) 223 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔II) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 80

pakcity.org

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

زندگی نیچے کہیں منہ دیکھتی ہی رہ گئی کتنا اونچا لے گیا جینے کا معیار آدمی
عمر بھر صحرا نوردی کی ، مگر شادی نہ کی قیس دیوانہ بھی تھا ، کتنا سمجھدار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

جب عشق سکھاتا ہے آدابِ خود آگاہی کھلتے ہیں غلاموں پر اَسرارِ شہنشاہی
عطّار ہو ، رومی ہو ، رازی ہو ، غزالی ہو کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی
نومید نہ ہو اِن سے ، اے رہبرِ فرزانہ ! کم کوش تو ہیں لیکن بے ذوق نہیں راہی

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) اقبالؒ نے آ کر اسلامی و مغربی علوم کے غائر مطالعے کے بعد اپنا خاص اسلامی فلسفہ قوم کے سامنے پیش کیا ، جس کا مقصد کامل ترین انسان کی انفرادی و اجتماعی نشوونما ہے۔ اقبالؒ کا خیال ہے کہ انسان اطاعت ، ضبطِ نفس اور نیابت الٰہی کی تین منزلیں طے کرتا ہوا خودی کی انتہائی بلندی پر پہنچ سکتا ہے۔ اس ارتقا میں اسے مذہب کی رہنمائی درکار ہے۔

3۔ (ب) آگے چل کر معلوم ہوا کہ انھیں صرف دوڑنے اور ڈنٹر پیلنے کا ہی شوق نہیں، مگدر بھی ہلاتے ہیں، نیزہ بازی اور شہسواری میں بھی برق ہیں ، پیراکی اور کشتی گیری میں بھی بند نہیں ، نشانہ بھی اچھا لگاتے ہیں۔ حیدرآباد کی ملازمت کے زمانے میں کچھ دن فوج میں بھی رہے۔ یہ قصہ عجیب ہے ، سپاہی نیزہ بازی کے کرتب دکھا رہے تھے ان کی بھی طبیعت لہرائی۔ گھوڑے پر سوار ہو کے نیزہ تانا اور آن کی آن میں میخ اکھیڑ لی۔ ہر طرف سے تحسین و آفرین کا غُلغلہ ہوا اور اُن کی خدمات فوج کے صیغے میں منتقل کر دی گئیں ، لیکن افسرالملک سے نباہ نہ ہو سکا ، اس لیے استعفا دے دیا۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) مناقب عمر بن عبدالعزیزؒ۔ (ب) مولوی نذیر احمد دہلوی ۔

5۔ اسرارالحق مجاز کی نظم ”نوجوان سے خطاب“ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) رحمۃ اللعالمین ﷺ ۔

(ب) تعلیم نسواں ۔

(ج) دہشت گردی ایک ناسور

7۔ دوست کے نام خط لکھ کر اُس کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیجیے۔ 10

151-223-I-(Essay Type)-104000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

رول نمبر ـــــــــــــــــ (امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2021-2023)

pakcity.org

اردو (لازمی) — 223 ـ فرسٹ اینول (انٹر پارٹ ـII) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) — PAPER CODE = 8022 — کل نمبر : 20

Lahore Board-2023-G-2 (دوسرا گروپ)

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | کتب خانہ خدیویہ کہاں واقع ہے : | (A) شام | (B) عراق | (C) مصر | (D) سعودی عرب |
| 2 | نواب محسن الملک کا اصل نام کیا تھا : | (A) محسن علی خاں | (B) عبدالملک | (C) محسن حسن خاں | (D) سید مہدی علی خاں |
| 3 | رستم کس جنگ میں مارا گیا : | (A) جنگِ قادسیہ | (B) جنگِ بلقان | (C) جنگِ تبوک | (D) جنگِ طرابلس |
| 4 | سبق "قرطبہ کا قاضی" کے مصنف کا کیا نام ہے : | (A) مرزا ادیب | (B) آغا حشر | (C) سید امتیاز علی تاج | (D) ابنِ انشا |
| 5 | السی نور سے سمندر پار کون سا ملک نظر آتا ہے : | (A) ڈنمارک | (B) ناروے | (C) آئر لینڈ | (D) سویڈن |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | وہ غریب ہے ـــ بے ایمان نہیں : | (A) لہٰذا | (B) تاکہ | (C) اگر | (D) مگر |
| 7 | سچ اور دیانت آدمی کو بہادر بنا ـــ : | (A) دیتے ہیں | (B) دیتی ہے | (C) دیتا ہے | (D) دیتیں ہیں |
| 8 | میاں بیوی ہنسی خوشی ـــ : | (A) رہتی ہیں | (B) رہتی ہے | (C) رہتے ہیں | (D) رہتیں ہیں |
| 9-1 | آپ کب تشریف ـــ گے : | (A) لاؤ | (B) لائے | (C) لائیں | (D) لائی |
| 10 | "مکاتیبِ غالب" آج بازار میں ـــ : | (A) آئے ہیں | (B) آئی ہے | (C) آئی ہیں | (D) آیا ہے |

**رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | آپ کا اسمِ گرامی ـــ (جملے کے آخر میں علامت آئے گی) : | (A) :- | (B) ! | (C) ؟ | (D) : |
| 12 | جس جملے میں حیرت کا اظہار کیا گیا ہو، اُس کے آخر میں کون سی علامت آئے گی : | (A) استعجابیہ | (B) واوین | (C) ختمہ | (D) قوسین |
| 13 | کسی کا قول نقل کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے : | (A) قوسین | (B) واوین | (C) سکتہ | (D) وقفہ |
| 14 | "احمد کالج چلا گیا ہے" اس جملے کے آخر میں کون سی علامت آئے گی : | (A) – | (B) ؟ | (C) : | (D) ! |
| 15 | عبارت میں سب سے کم وقفے کے لیے کون سی علامت لگائی جاتی ہے : | (A) وقفہ | (B) سکتہ | (C) رابطہ | (D) ندائیہ |

**امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | اُٹھنا : | (A) وہ دیر سے اُٹھا۔ | (B) جنگل میں آگ بھڑک اُٹھی۔ | (C) تم محفل سے کیوں اُٹھے؟ | (D) صبح جلدی اُٹھنا۔ |
| 17 | رکھنا : | (A) آپ نے یہ کیا حال بنا رکھا ہے؟ | (B) اپنا خیال رکھنا۔ | (C) میری بات یاد رکھنا۔ | (D) کرسی یہاں رکھ دو۔ |
| 18 | پانا : | (A) کاش! میں اُسے دیکھ پاتا۔ | (B) اُس نے کامیابی پائی۔ | (C) ہر شخص اپنے کیے کا پھل پاتا ہے۔ | (D) اُس نے سزا پائی۔ |
| 19 | چاہنا : | (A) آپ کیا چاہتے ہیں؟ | (B) میں معافی چاہتا ہوں۔ | (C) مزدور کو کام چاہیے۔ | (D) بڑوں کا ادب کرنا چاہیے۔ |
| 20 | ہونا : | (A) آج جلسہ ہونا چاہیے۔ | (B) یہ کیا ہوا؟ | (C) وہ سویا ہوا ہے۔ | (D) کاش! بارش ہوتی۔ |

152-223-II-(Objective Type)-24000 (8022)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2021-2019 تا 2023-2021)

اردو (لازمی) 223 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔II) وقت : 2.40 گھنٹے

pakcity.org

پرچہ : II (انشائی طرز) (دوسرا گروپ) کل نمبر : 80

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

تھا کبھی علم آدمی ، دل آدمی ، پیار آدمی آج کل زر آدمی، قصر آدمی، کار آدمی
کلبلاتی بستیاں ، مشکل سے دوچار آدمی کتنا کمیاب آدمی ہے ، کتنا بسیار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

اے طائرِ لاہوتی! اُس رزق سے موت اچھی جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی
دارا و سکندر سے وہ مردِ فقیر اَولیٰ ہو جس کی فقیری میں بُوئے اسدُاللّٰہی
آئینِ جوانمرداں حق گوئی و بے باکی اللہ کے شیروں کو آتی نہیں رُوباہی

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) وہ جوہرِ قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدرآباد میں ان کی سیاست دانی ، تدبّر ، انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ اُن کا ذہن ایسا رسا ، اُن کی طبیعت ایسی حاضر ، اُن کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے ، بڑے بڑے مدبّر ان کا لوہا مان گئے تھے۔

3۔ (ب) میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مثنیؓ بننے کی توفیق دے جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبۂ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔ میرے لیے اس سپہ سالار کی جان کی کوئی قیمت نہیں جو اُسے اپنے سپاہیوں کی تلواروں کے پہرے میں چھپا کر رکھتا ہے اور اپنے بہادروں کو جان کی بازی لگانے کے بجائے جان بچانے کی ترغیب دیتا ہے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) مناقب عمر بن عبدالعزیزؒ۔ (ب) ایک سفرنامہ جو کہیں کا بھی نہیں ہے ۔

5۔ مولانا ظفر علی خاں کی ''حمد'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) محنت کی عظمت

(ب) موبائل فون ۔۔۔ فوائد اور نقصانات

(ج) علم کے فائدے

7۔ اپنے چچا کے نام خط لکھ کر گھڑی کا تحفہ دینے پر شکریہ ادا کیجیے۔ 10

152-223-II-(Essay Type)-96000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2022

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2018 تا 2022-2020)

اردو (لازمی) — 222 - (انٹر پارٹ۔II) — وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) — ( پہلا گروپ ) — کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

عمر بھر صحرا نوردی کی ، مگر شادی نہ کی — قیس دیوانہ بھی تھا ، کتنا سمجھدار آدمی
دانش و حکمت کی ساری روشنی کے باوجود — کم ہی ملتا ہے زمانے میں کم آزار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

علائق سے ہوں بیگانہ و لیکن اے دلِ غمگین — تجھے کچھ یاد تو ہو گا کسی سے دوستی کب تھی
حیاتِ چند روزہ بھی حیاتِ جاوداں نکلی — جو کام آئی جہاں کے وہ متاعِ عارضی کب تھی
یہ دنیا کوئی پلٹا لینے ہی والی ہے اب شاید — حیاتِ بےسکوں کے سر میں یہ شوریدگی کب تھی

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) وہ جوہر قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدرآباد میں ان کی سیاست دانی، تدبّر، انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ اُن کا ذہن ایسا رسا، اُن کی طبیعت ایسی حاضر، اُن کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے وہ بڑے بڑے مدبّر اُن کا لوہا مان گئے تھے۔

3۔ (ب) ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے۔ ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسہ کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔ قرآن میں ہمارے لیے اس کے احکام موجود ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مثنیٰؓ بننے کی توفیق دے جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبۂ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) قرطبہ کا قاضی ۔ (ب) اکبری کی حماقتیں ۔

5۔ اسرارالحق مجاز کی نظم ”نوجوان سے خطاب“ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے : 20

(الف) عیدمیلادالنبیؐ ۔

(ب) سوشل میڈیا کے فوائد اور نقصانات۔

(ج) معاشرے میں لائبریری کی اہمیت۔

7۔ دوست کے نام خط لکھ کر اُس کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیجیے۔ 10

151-222-I-(Essay Type)-104000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2022

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2020-2022)

اردو (لازمی) | 222 - (انٹر پارٹ۔II) | وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) | ( دوسرا گروپ ) | کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

کلرکوں سے آگے بھی افسر ہیں کتنے — جو بے انتہا صاحبِ غور بھی ہیں

ابھی چند میزوں سے گزری ہے فائل — ''مقاماتِ آہ و فغاں اور بھی ہیں''

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

موت ! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے — مرنے سے آگے ہی، یہ لوگ تو مرجاتے ہیں

دیدوادید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو — جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں

بے ہنر ، دشمنِ اہلِ ہنر سے ، آ کر — منہ پہ چڑھتے تو ہیں ، پر جی سے اُتر جاتے ہیں

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) ادھر یہ امر پاکستان کی ملّتِ اسلامیہ پر روز بروز واضح ہو رہا ہے کہ اگر اسے اپنی اور دنیا کی طرف اپنا اسلامی اور انسانی فرض ادا کرنا ہے تو پاکستان کی حکومت لازمی طور پر اسلامی جمہوریت کے ترقی پرور اصولوں پر قائم ہو گی۔ جس میں مسلم اور غیرمسلم دونوں سے مساوی سلوک کیا جائے گا ، جس میں بڑے بڑے سرمایہ داروں کے لیے جگہ نہ ہو گی بلکہ جس میں غریبوں اور کارکنوں کا خاص طور پر خیال رکھا جائے گا ، جس میں عورت کے حقوق اور اس کی شخصیت محفوظ ہو گی۔

3۔ (ب) ایک مرتبہ ایک صاحب کہنے لگے کہ مولانا ظفرعلی زبان اور محاورے کے استاد ہیں۔ اشعار کی بندش خوب ہوتی ہے لیکن ان کے ہاں حقیقی شاعری بہت کم ہے۔ میں نے کہا ذرا بحیرۂ قلزم، لندن کی ایک صبح، رامائن کا ایک سین، پڑھ کر دیکھیے۔ کہنے لگے، ''میں نے تو یہ نظمیں نہیں پڑھیں لیکن مولانا کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا قلب عشق و محبت کے لطیف جذبات سے خالی ہے۔'' میں نے گفتگو کا پہلو بدل کر شعرخوانی شروع کر دی۔ پہلے فارسی کے ایک دو شعر سنائے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) ہوائی ۔ (ب) پہلی فتح ۔

5۔ سید ضمیر جعفری کی نظم '' آدمی '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۔ 20

(الف) اسلامی معاشرہ میں مسجد کی اہمیت۔

(ب) اُردو زبان، قومی وحدت کی علامت۔

(ج) میرا پسندیدہ شاعر۔

7۔ دوست کے نام خط لکھ کر اُس کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیجیے۔ 10

152-222-II-(Essay Type)-96000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2019

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) | 219 - (انٹر پارٹ۔II) | وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) | ( پہلا گروپ ) | کل نمبر : 80

## ( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

شمس و قمر کو ضد ہے کہ گرمِ سفر رہیں ‏ ‏ ‏ بے رنگیوں میں خالقِ شام و سحر رہیں

شہروں میں انقلاب ، بیاباں میں انقلاب ‏ ‏ ‏ محفل میں انقلاب ، شبستاں میں اِنقلاب

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

وائے دیوانگیِ شوق کہ ہر دم مجھ کو ‏ ‏ ‏ آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا

عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ ‏ ‏ ‏ عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط ‏ ‏ ‏ تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا

## ( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) غرض پہلی ہی ملاقات میں مزاج دار نے جُمن کے ساتھ ایسی بے تکلفی کی کہ اپنا حال جزو وکل اس سے کہہ دیا اور جُمن نے باتوں ہی باتوں میں تمام بھید معلوم کر لیا۔ ایک پہر کامل جُمن بیٹھی رہی۔ رخصت ہونے لگی تو مزاج دار نے بہت منت کی کہ اچھی بی جُمن، اب کب آؤ گی؟ جُمن نے کہا : ''میری بھانجی موم گروں کے چھتے میں رہتی ہے اور بہت بیمار ہے۔ اسی کے علاج کے واسطے میں آگرے سے آئی ہوں۔ اس کے دوا معالجے سے فرصت کم ہوتی ہے۔ مگر ان شاءاللہ دوسرے تیسرے تم کو دیکھ جایا کروں گی۔'' (ورق الٹئے)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2019



3۔ (ب) مولوی نذیر احمد علی گڑھ کے لیے چندہ اگاہنے کے سلسلے میں بہت کارآمد آدمی تھے، اس لیے جہاں تک ممکن ہوتا سرسید انھیں اپنے دوروں میں ساتھ رکھتے اور ان سے تقریریں کراتے۔ نذیر احمد کی قوتِ تقریر کے متعلق کہا جاتا تھا کہ انگلستان کا مشہور مقرر برک بھی اُن سے زیادہ مؤثر تقریر نہیں کر سکتا تھا۔ اب بھی اگلے وقتوں کے لوگ، جنھوں نے مولوی صاحب کے لیکچر سنے ہیں، کہتے ہیں کہ یا تو ہم نے ڈپٹی صاحب کو دیکھا یا اب اخیر میں بہادر یار جنگ مرحوم کو دیکھا کہ سامعین پر جادو سا کر دیتے اور جو کام ان سے چاہتے لے لیتے۔ جب چاہا انھیں ہنسا دیا اور جب چاہا ان کی جیبیں خالی کرا لیں اور عورتوں کے زیور تک اتروا لیا کرتے تھے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) پہلی فتح ۔ (ب) ایوب عباسی ۔

5۔ مجید امجد کی نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) میرا پسندیدہ مشغلہ ۔ (ب) اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات۔

(ج) دہشت گردی : اِک ناسور ۔

7۔ تاریخی مقام کی سیر کے احوال پر مبنی ، اپنے دوست کے نام خط تحریر کیجیے۔ 10

151-219-I-(Essay Type)-92500

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2019

رول نمبر ............ (امیدوار خود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) — 219 - (انٹر پارٹ ۔II) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) — PAPR CODE = 8023 — کل نمبر : 20

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :

| نمبر | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | چراغ حسن حسرت نے کلکتہ چھوڑنے کے بعد کس شہر میں ملازمت کی: | لاہور | کراچی | دہلی | لکھنو |
| 2 | سپر مارکیٹ کتنے بازاروں کا مہاگرو ہے: | 10 | 15 | 20 | 25 |
| 3 | فقیر کی دعا سے بلقیس جہانی بیگم کے ہاں کتنے بچے پیدا ہوئے: | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 4 | سبق " قرطبہ کا قاضی " کے مصنف کون ہیں: | آغا حشر | میرزا ادیب | امتیاز علی تاج | اشفاق احمد |
| 5 | محمد بن قاسم کی والدہ کا کیا نام تھا: | فہمیدہ | زبیدہ | ناہیدہ | زاہدہ |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| نمبر | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | ماں اور بیٹی چرخہ کات ۔۔۔۔ : | رہی ہے | رہی ہیں | رہے ہیں | رہا ہے |
| 7 | معروف کتاب "پطرس کے مضامین" بہت دلچسپ ۔۔۔۔ | ہے | ہیں | تھے | تھیں |
| 8 | تم نے کپڑے استری کر لیے ۔۔۔۔ نہیں: | کہ | پھر | ورنہ | مگر |
| 9 | وہ ضرور آئے گا ۔۔۔۔ مجھے اس نے خود بتایا ہے: | جبکہ | کیوں کہ | خواہ | ورنہ |
| 10 | آپ یہاں تشریف ۔۔۔۔ : | رکھو | رکھ | رکھا | رکھیں |

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| نمبر | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | کسی جملے میں وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے کون سی علامت لگاتے ہیں: | سکتہ | رابطہ | فجائیہ | واوین |
| 12 | ؛ کس کی علامت ہے : | سکتہ | وقفہ | رابطہ | علامت حذف |
| 13 | کوئی تفصیل دینے کے لیے علامت لگاتے ہیں: | ختمہ | تفصیلیہ | رابطہ | واوین |
| 14 | کسی کا قول ہو بہو تحریر کرنا ہو تو قول کے شروع اور آخر میں کون سی علامت لگاتے ہیں: | قوسین | ندائیہ | واوین | وقفہ |
| 15 | واوین کی علامت ہے : | ؛ | " " | ( ) | ----- |

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| نمبر | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | لگنا : | بچے کو نیند آنے لگی۔ | نفیس کو گرمی لگی۔ | اسے ٹھوکر لگی ۔ | اس کی آنکھ لگی ۔ |
| 17 | چاہنا : | میں پاکستان کو چاہتا ہوں۔ | بڑوں کا ادب کرنا چاہیے۔ | میرے چاہنے سے کیا ہوتا ہے۔ | چاہنا، نہ چاہنا، کس کے بس میں ہے۔ |
| 18 | نکلنا : | فریدہ جھوٹی نکلی۔ | بات چل نکلی۔ | وہ دور نکل گئی۔ | خواب سچا نکلا ۔ |
| 19 | پانا : | ایک پاؤ دہی لاؤ۔ | کچھ پانے کے لیے کچھ کھونا پڑتا ہے۔ | اس نے اپنی منزل پا لی۔ | وہ وقت پر نہ پہنچ پایا۔ |
| 20 | رکھنا : | کھیل میں کیا رکھا ہے۔ | مجھے فضول کیوں بٹھا رکھا ہے۔ | قلم کہاں رکھا ہے۔ | چیزیں نیچے رکھ دو۔ |

151-219-I-(Objective Type)-23125 (8023)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2019

رول نمبر.................(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) | 219 - (انٹر پارٹ۔II) | وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) | ( دوسرا گروپ ) | کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

یونہی یہ گردِ سر راہ خوش نما تارے     رواں ہیں جن کی جبینوں سے حُسن کے دھارے
زمیں کا نور ہیں اور آسماں کی زینت ہیں     کسی کی شوخیء رفتار کی علامت ہیں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

موت ! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے     مرنے سے آگے ہی ' یہ لوگ تو مَر جاتے ہیں
دیدوادید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو     جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں
ہم کسی راہ سے واقف نہیں' جوں نورِ نظر     رہنما تو ہی تو ہوتا ہے ، جدھر جاتے ہیں

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) بڑے بڑے جلسوں میں جب معاملہ بگڑنے لگتا اور یہ اندیشہ پیدا ہو جاتا کہ کہیں جلسہ درہم برہم نہ ہو جائے، تو اُس وقت نواب صاحب کی خوش بیانی، فصاحت اور ظرافت جادو کا کام کر جاتی تھی اور منغّض اور مکدّر چہرے بشاش اور شگفتہ ہو جاتے تھے۔ ان کی باتوں اور تقریروں میں ظرافت کی چاشنی بڑا مزہ دیتی تھی۔ باتوں میں ظرافت کبھی کبھی شوخی کی حد تک پہنچ جاتی تھی۔ دوسروں سے کام لینے کا انھیں بڑا اچھا سلیقہ تھا۔ وہ کچھ ایسے مہر آمیز طریقے سے کہتے تھے اور اس طرح ہمت افزائی کرتے کہ لوگ خوشی خوشی اُن کا کام کرتے تھے۔ اپنے ملازموں اور ماتحتوں سے بھی اُن کا سلوک ایسا تھا کہ وہ ان کی فرمائش کی تعمیل ایسی تن دہی سے اور شوق سے کرتے تھے جیسے ان کا کوئی ذاتی کام ہو اور وقت پر جان لڑا دیتے تھے۔

(ورق الٹئے)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2019

3۔ (ب) پرووسٹ کے دفتر میں سب سے اہم عہدے پر ہونے کے سبب ان کا سابقہ اساتذہ، بیرا، باورچی، نائی، چپڑاسی، بھنگی، بہشتی سب ہی سے براہِ راست پڑتا تھا۔ طلبہ کو خوش اور مطمئن رکھنا معمولی بات نہیں ہے۔ ان کا ایوب صاحب سے طرح طرح سے سابقہ پڑتا تھا۔ وہ ہر طالب علم کے خاندانی حالات و معاملات سے واقف رہتے تھے اور اسی اعتبار سے اُن سے سلوک کرتے تھے۔ اس لیے ہر طالب علم اُن کو اپنے گھر کے بزرگ اور خیراندیش کی حیثیت سے دیکھتا تھا۔ یونیورسٹی میں اسٹرائیک ہے۔ لڑکے ہیں کہ بےقابو ہوئے جاتے ہیں لیکن ایوب صاحب کا جادو برابر کام کر رہا ہے۔ ایسے زمانے میں ان کا طرزِ عمل لڑکوں سے وہی ہوتا جو میدانِ جنگ میں صلیبِ احمر کا ہوتا ہے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: 1,9

(الف) نواب محسن الملک۔ (ب) قرطبہ کا قاضی۔

5۔ احسان دانش کی نظم "تغیر" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: 20

(الف) معاشرتی برائیاں اور اُن کا سدِ باب۔ (ب) قوموں کی ترقی کا راز۔

(ج) گداگری ایک لعنت۔

7۔ والدِ محترم کو خط لکھ کر اپنے امتحانات کی تیاری سے آگاہ کیجیے۔ 10

152-219-II-(Essay Type)-87000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2018

رول نمبر ............... (امیدوار خُود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2014-2016 تا 2016-2018)

اردو (لازمی) 218 - (انٹر پارٹ-II) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) PAPR CODE = 8021 کل نمبر : 20

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | محنت پسند خردمند کو کس کا شاگرد بتایا گیا : | (A) کمال کا | (B) محنت کا | (C) ہنر کا | (D) غرور کا |
| 2 | جگن نے تبرک کے طور پر اکبری کو مفت دی : | (A) یاقوت کی انگوٹھی | (B) فیروزے کی انگوٹھی | (C) سونے کی انگوٹھی | (D) موتیوں کی جوڑی |
| 3 | ڈرامہ دستک میں بیگم زیدی کی عمر ہے : | (A) پنتالیس سال | (B) پچاس سال | (C) پچپن سال | (D) ستاون سال |
| 4 | مولانا ظفر علی خاں عام طور پر کتنی دیر میں نظم مکمل کر لیا کرتے تھے: | (A) دو گھنٹے میں | (B) ڈیڑھ گھنٹے میں | (C) ایک گھنٹے میں | (D) آدھ گھنٹے میں |
| 5 | مسلم لیگ کا قیام عمل میں آیا : | (A) 1906ء | (B) 1908ء | (C) 1910ء | (D) 1947ء |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | "ادبی دنیا" بند ہو ---- : | (A) چکے ہیں | (B) چکا ہے | (C) چکی ہے | (D) چکے ہوئے ہیں |
| 7 | ہجوم نعرے ---- : | (A) مار رہا ہے | (B) لگا رہے ہیں | (C) لگا رہا ہے | (D) مار رہے ہیں |
| 8 | میاں بیوی ہنسی خوشی ---- : | (A) رہتی ہے | (B) رہتا ہے | (C) رہتے ہیں | (D) رہتی تھی |
| 9 | اگرچہ وہ غریب ہے ---- دیانت دار ہے : | (A) البتہ | (B) جبکہ | (C) تاکہ | (D) لیکن |
| 10 | وہ صرف جھوٹا ہی نہیں ---- چور بھی ہے : | (A) لیکن | (B) بلکہ | (C) کیونکہ | (D) چونکہ |

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | تفصیلیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے: | (A) جواب دینے کے لیے | (B) ٹھہراؤ کے لیے | (C) تفصیل کے لیے | (D) سوال پوچھنے کے لیے |
| 12 | ( ؛ ) علامت ہے : | (A) سکتہ کی | (B) وقفہ کی | (C) ختمہ کی | (D) رابطہ کی |
| 13 | سکتہ کہتے ہیں : | (A) سب سے کم ٹھہراؤ کو | (B) سوال پوچھنے کو | (C) فقرے کی تکمیل کو | (D) پکارنے کو |
| 14 | ندائیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے : | (A) بھرپور ٹھہراؤ کے لیے | (B) جملہ معترضہ کے لیے | (C) کم ٹھہراؤ کے لیے | (D) پکارنے کے لیے |
| 15 | کسی کا قول نقل کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے: | (A) قوسین | (B) واوین | (C) سکتہ | (D) وقفہ |

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | ڈالنا : | (A) اُس نے لیٹر بکس میں خط ڈالا۔ | (B) اسلم نے گلاس میں پانی ڈالا۔ | (C) بلی نے چوہے کو مار ڈالا۔ | (D) اُس نے سالن میں نمک ڈالا۔ |
| 17 | پڑنا : | (A) وہ فرش پر پڑا رہا۔ | (B) بچہ گر پڑا۔ | (C) کاپی میز پر پڑی ہے۔ | (D) اسلم نے خط پڑھا۔ |
| 18 | لگنا : | (A) مجھے بھوک لگی ہے۔ | (B) کشتی کنارے جا لگی۔ | (C) مزدور کے سر میں اینٹ لگی۔ | (D) اسلم اچھا لگتا ہے۔ |
| 19 | رکھنا : | (A) کتابیں سنبھال رکھو۔ | (B) کپڑے الماری میں رکھو۔ | (C) روزے رکھنے فرض ہیں۔ | (D) کاپی میز پر رکھو۔ |
| 20 | آنا : | (A) کسی روز میرے گھر آنا۔ | (B) میرے سامنے مت آؤ۔ | (C) ذرا ادھر کو آؤ۔ | (D) بچے کو لے آؤ۔ |

151-218-I-(Objective Type)-21250 (8021)

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2018

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2014-2016 تا 2016-2018)

اردو (لازمی) — 218 - (انٹر پارٹ۔II) — وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) — (پہلا گروپ) — کل نمبر : 80

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

دل رہینِ صَوْمَعہ ، دستار رہینِ میکدہ    تھا ضمیر جعفری بھی اک مزے دار آدمی
پہلے کشتی ڈوب جاتی تھی نظر کے سامنے    اب گرے گا بحرِ اوقیانوس کے پار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

موت ! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے    مرنے سے آگے ہی ' یہ لوگ تو مَرجاتے ہیں
دیدوادید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو    جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں
بے ہنر ' دشمنی اہلِ ہُنر سے ' آ کر    منہ پہ چڑھتے تو ہیں پر جی سے اُتر جاتے ہیں

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) عالم کا رنگِ بےرنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ‌کار دنیا سے کنارہ‌کش ہو گئے تھے اور ایک سیب کے درخت میں جُھولا ڈالے الگ باغ میں جُھولا کرتے تھے، البتہ جو صاحبِ ضرورت اُن کے پاس جاتا، اُسے صلاح مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر اُن کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالیے جس سے احتیاج و افلاس کی بلا سے بندگانِ خدا کو نجات ہو۔

(ورق الٹئے)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

## Lahore Board-2018



3۔ (ب) جب کاپیوں کی تصحیح ہوئی اور پروف دیکھے گئے، تب بھی ان میں ترمیم کی گئی اور جب تک اس کی طرف سے پورا پورا اطمینان نہیں ہو گیا، اسے شایع نہیں کیا گیا۔ اس میں ڈھائی سال لگ گئے مگر ترجمہ بھی ایسا شُستہ و رفتہ اور بامحاورہ ہوا کہ اب پچھلے پچاس برس میں کوئی اور ترجمہ اس سے بہتر شایع نہیں ہو سکا۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) پہلی فتح ۔ (ب) قرطبہ کا قاضی ۔

5۔ نظم '' خدا سرسبز رکھے اس چمن کو مہرباں ہو کر '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۔ 20

(الف) میری پسندیدہ شخصیت ۔ (ب) وقت کی قدر و قیمت ۔

(ج) تعلیمِ نسواں ۔

7۔ چھوٹے بھائی کو سگریٹ نوشی سے منع کرنے کے لیے خط لکھیے۔ 10



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2018

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2014-2016 تا 2016-2018)

اردو (لازمی) — 218 - (انٹر پارٹ۔II) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) — PAPER CODE = 8024 — کل نمبر : 20

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A ‘B ‘C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | زبیر کو کس نے پھانسی دی : | (A) جلاد نے | (B) اس کے باپ نے | (C) عبداللہ نے | (D) فوج نے |
| 2 | نواب محسن الملک کو بہت شوق تھا : | (A) سیر کا | (B) تحریر کا | (C) تقریر کا | (D) مطالعے کا |
| 3 | حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے جب وفات پائی تو ترکہ میں دینار چھوڑے : | (A) سترہ | (B) ستر | (C) ستر سو | (D) ستر ہزار |
| 4 | مسلمان حکمرانوں نے مواصلات کے لیے کون سا جداگانہ محکمہ قائم کیا : | (A) الجرید | (B) دیوان البرید | (C) دیوان الحبیب | (D) دیوان الرشید |
| 5 | " اسبابِ بغاوتِ ہند " کس کی تصنیف ہے : | (A) حالیؔ | (B) شبلیؔ | (C) سرسید | (D) مولوی نذیر احمد |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | میں نے ارشد ۔۔۔ کتاب دی : | (A) کو ہی | (B) ہی کو | (C) کو تو | (D) جی کو |
| 7 | ۔۔۔ انگلیاں برابر نہیں ہوتیں : | (A) پانچ | (B) پانچوں | (C) سات | (D) دس |
| 8 | آپ کے مزاج ۔۔۔ : | (A) کیا ہیں | (B) کس طرح ہیں | (C) کیسے ہیں | (D) کیسا ہیں |
| 9 | جوں جوں اُوپر جاتے گئے ۔۔۔ سردی بڑھتی گئی : | (A) ویسے ویسے | (B) ایسے ہی | (C) توں توں | (D) پھر |
| 10 | " کلیاتِ مجید امجد " چھپ ۔۔۔ : | (A) گئے | (B) گئی | (C) گیا | (D) گئیں |

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | جو کرے گا ۔۔۔ سو بھرے گا : | (A) ؛ | (B) ، | (C) : | (D) :۔ |
| 12 | سوالیہ کی تعریف ہے : | (A) سوال پوچھنا | (B) جواب دینا | (C) فقرے کی تکمیل | (D) مختصر ٹھہراؤ |
| 13 | ( :۔ ) علامت ہے : | (A) سوالیہ | (B) تفصیلیہ | (C) رابطہ | (D) سکتہ |
| 14 | جملہ معترضہ کو ۔۔۔ لکھا جاتا ہے : | (A) واوین میں | (B) قوسین میں | (C) تفصیلیہ کے بعد | (D) سوالیہ کے ساتھ |
| 15 | علی ۔ افہام ۔ خیام اور ریحان گہرے دوست ہیں : | (A) ؟ | (B) ؛ | (C) ، | (D) : |

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | پڑنا : | (A) میرا گھر راستے میں پڑتا ہے۔ | (B) اسے مجھ سے کام پڑ گیا۔ | (C) وہ سکول میں پڑھتا ہے۔ | (D) بلی چوہوں پر ٹوٹ پڑی۔ |
| 17 | پانا : | (A) اس نے آخر کار اسے پالیا۔ | (B) وہ اسے پانا چاہتا ہے۔ | (C) میں دو ماہ تک یہ کام ختم کر پاؤں گا۔ | (D) میرے لیے اسے پانا ممکن نہیں ہے۔ |
| 18 | آنا : | (A) وہ یہاں آیا۔ | (B) تم میرے پاس آؤ ۔ | (C) مجھے کالج چھوڑ آؤ ۔ | (D) ذرا یہاں آنا ۔ |
| 19 | چاہنا : | (A) وہ اسے چاہتا ہے۔ | (B) مجھے اس نے چاہا۔ | (C) موسم خزاں آیا چاہتا ہے۔ | (D) اسے چاہا گیا۔ |
| 20 | اٹھنا : | (A) وہ یہاں سے اُٹھا۔ | (B) اس نے بوجھ اُٹھایا۔ | (C) وہ اُٹھتے ہی گر گیا۔ | (D) بچہ بھوک سے بلبلا اُٹھا۔ |

152-218-II-(Objective Type)-20000 (8024)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2018

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2014-2016 تا 2016-2018)

اردو (لازمی) — 218 - (انٹر پارٹ۔II) — وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) — ( دوسرا گروپ ) — کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے . 1,1,8

یہ پہلا سبق تھا کتابِ ہُدیٰ کا — کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا
وہی دوست ہے خالقِ دوسرا کا — خلائق سے ہے جس کو رشتہ وِلا کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

رونے سے کام بس کہ شب اے ہم نشیں رہا — آنکھوں پہ کھنچتا میں ، سرِ آستیں رہا
نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ — جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا
یارانِ گرم رَو تو سب آگے نکل گئے — ان سے میں تنگِ قافلہ پیچھے کہیں رہا

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) غرض پہلی ہی ملاقات میں مزاج دار نے جُمن کے ساتھ ایسی بے تکلفی کی کہ اپنا حال جزو و کل اس سے کہہ دیا اور جُمن نے باتوں ہی باتوں میں تمام بھید معلوم کر لیا۔ ایک پہر کامل جُمن بیٹھی رہی۔ رخصت ہونے لگی تو مزاج دار نے بہت مِنت کی کہ اچھی بی جُمن، اب کب آؤ گی؟ جُمن نے کہا : " میری بھانجی موم گروں کے چھتے میں رہتی ہے اور بہت بیمار ہے۔ اسی کے علاج کے واسطے میں آگرے سے آئی ہوں۔"

(ورق الٹیے)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Lahore Board-2018



3۔ (ب) یہ تدبیر کارگر ہوئی۔ مولانا نے مجھ سے ہمدردی ظاہر کی۔ علاج کے متعلق چند معقول مشورے دیے اور تشریف لے گئے۔ میں نے خدا کا شکر ادا کیا اور جی میں تہیہ کر لیا کہ اب دفتر میں نہیں رہوں گا۔
اب یہ بات بھی سمجھ میں آ گئی کہ مولانا توند سے کیوں محروم ہیں۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) اکبری کی حماقتیں ۔ (ب) نواب محسن الملک ۔

5۔ مجیدامجد کی نظم ” ایک کوہستانی سفر کے دوران میں “ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) دہشت گردی ایک عالمی مسئلہ۔ (ب) تعمیر وطن میں طلبا کا کردار ۔

(ج) اتحادِ عالمِ اسلام ۔

7۔ چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دیجیے۔ 10

152-218-II-(Essay Type)-80000

Please visit for more data at: www.pakcity.org